# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شمس ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے اراکین کا سالانہ اجلاس مؤرخہ 27 اکتوبر 2025ء کو دن 11:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع ٹرائیکون کارپوریٹ سنٹر، 8 ویں منزل، E-73، مین جیل روڈ، گلبرگ II، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1. 30 جون 2025ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کے پڑتال شدہ کھاتوں بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیرغور لانا اور اپنانا:

   **کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223 اور SRO نمبر 389(I)/2023 مؤرخہ 21 مارچ 2023ء کے تحت سالانہ رپورٹ بشمول اجلاس نوٹس اور کمپنی کی مالیاتی اسٹیٹمنٹس شیئر ہولڈرز کو بھیج دی گئی ہیں اور انہیں کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کر دیا گیا ہے جسے QR پر مبنی کوڈ یا لنک کے ذریعے دیکھا جا سکتا ہے:**

   **لنک:** https://shams.com.pk/financial-report/

2. کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔
3. چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کو بروئے کار لانا۔

بحکم بورڈ

کمپنی سیکریٹری

لاہور: 06 اکتوبر، 2025ء

## کتاب کی بندش

اراکین کا رجسٹر مؤرخہ 21 اکتوبر 2025ء تا 27 اکتوبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔

**مندرجات:**

1. بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہشمند اراکین سے التماس ہے کہ وہ اپنے نام، فولیو نمبر، موبائل نمبر اور ملکیتی حصص کی تعداد اور شناختی کارڈ (CNIC) کی دونوں اطراف کی کارآمد نقول tariq.javed@shams.com.pk پر 25 اکتوبر 2025ء تک ارسال کریں۔ وڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان اراکین/مقررہ پراکسیز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز بشمول تمام درکار تفصیلات موجود ہوں۔
2. اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن کسی دوسرے شخص کو اپنی جگہ ووٹ اور شرکت کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ مؤثر کرنے کی غرض سے سے، باقاعدہ مکمل اور دستخط شدہ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانے چاہئیں۔ پراکسی فارم پر دو افراد گواہی دیں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔ پراکسی کے لئے کمپنی کا رکن ہونا لازمی ہے۔ اراکین کو بھیجے گئے نوٹس کے ساتھ پراکسی فارم لف ہے۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ بمعہ نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط اور نمائندے کے شناختی کارڈ کی نقل جمع کرائی جائے۔

## E-منافع منقسمہ کی ادائیگی کے لئے شناختی کارڈ/ IBAN

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کے قواعد کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کے لئے لازمی ہے کہ واجب الادا نقد منافع صرف برقی ذرائع سے اہل شیئر ہولڈر کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ادا کیا جائے گا۔ اسی طرح سے فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے مذکورہ بالا پتے پر سالانہ رپورٹ میں اور کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب E- منافع منقسمہ فارم پر الیکٹرونک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فراہم کریں۔ CDC کی صورت میں ملکیتی حصص کی صورت میں یہ معلومات تجدید اور کمپنی کو پیش کرنے کے لئے CDS شرکاء کو بھیجی جائیں گی۔ عدم فراہمی کی صورت میں منافع منقسمہ کی آئندہ ادائیگی کو روکا جا سکتا ہے۔

## وڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے قواعد کی پیروی میں کل ادا شدہ سرمایہ حصص کی کم از کم 10% کے مالک دوسرے شہر میں مقیم شیئر ہولڈرز AGM میں شرکت کے لئے وڈیو لنک کی سہولت حاصل کرنے کے لئے کمپنی کو درخواست دے سکتے ہیں۔ وڈیو لنک سہولت کی درخواست شیئر رجسٹرار کے دیئے گئے پتے پر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (07) یوم قبل سالانہ رپورٹ اور کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب معیاری فارم پر وصول ہو جانی چاہئیں۔

## فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے تحت ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لئے اپنے فزیکل شیئرز کو Book انٹری فارم میں مقررہ انداز میں اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کی تاریخ اطلاق یعنی 31 مئی 2017ء سے عرصہ چار سال کے اندر SECP کی مقررہ تاریخ کے اندر تبدیل کرنا لازمی ہے۔ فزیکل شیئر رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ براہِ کرم وہ اپنے حصص بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اس بابت شیئر ہولڈرز کسی بروکرز یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ساتھ براہِ راست CDC ذیلی اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز غیر کاغذی صورت میں رکھ سکیں۔ اس طرح انہیں کئی سہولیات میسر آئیں گی جس میں محفوظ قبضہ اور کسی بھی وقت حصص کی فروخت شامل ہے کیونکہ فزیکل شیئرز کی تجارت پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ ضوابط کے مطابق ممنوع ہے۔

## لادعویٰ منافع منقسمہ/حصص

شیئر ہولڈرز جو کسی وجہ سے اپنے منافع منقسمہ/ بونس حصص کا دعویٰ نہ کر سکے یا وہ اپنے فزیکل شیئرز حاصل نہ کر پائے، اگر کوئی ہوں، کو تجویز کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے لادعویٰ منافع منقسمہ/حصص، اگر کوئی ہوں، حاصل کرنے/کی معلومات حاصل کرنے کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، E-503، جوہر ٹاؤن لاہور میں رابطہ کریں۔

## مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی اشاعت

کمپنی نے نوٹس AGM کی نقل، جداگانہ اور مجموعی سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بابت سال مختتمہ 30 جون 2025ء بمعہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.shams.com.pk پر شائع کر دی ہے۔

شیئر ہولڈرز سے یہ بھی التماس ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریس میں تبدیلی سے متعلق کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، E-503، جوہر ٹاؤن لاہور فون نمبر 042-35170335-37 کو فی الفور اطلاع کریں۔